موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

2 سے 4 فروری 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا مکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 سے 24 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 8 سے 14 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

گوبھ کی حالت میں پانی کی کمی نہ آنے دیں۔ پچھیتی فصل میں نائٹروجنی کھاد کی بقیہ قسط جلد از جلد مکمل کریں اور جڑی بوٹیوں کی تلفی پر خصوصی توجہ دیں اور محکمہ زراعت کی مشاورت سے جڑی بوٹیوں کو کنٹرول کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کے سپرے کے لئے اچھی کوالٹی کی مخصوص نوزل کا استعمال کریں اور سپرے صاف موسم میں کریں۔ سپرے کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات کے طور پر دستانے، ماسک اور حفاظتی لباس کا استعمال کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کی تجویز کردہ مقدار سے زیادہ استعمال نہ کریں اور ایک جگہ پر دہرا سپرے نہ کریں

کماد

کماد کی بہاریہ کاشت کے لئے زمین تیار کریں۔ کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مد نظر رکھ کر کریں۔ پہلے ستمبر کاشتہ فصل پھر مونڈھی فصل اور اگیتی، درمیانی اور پچھیتی اقسام کی کٹائی کریں۔ مونڈھی فصل رکھنے کے لئے فصل کی برداشت کریں اور گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔ فصل کی برداشت کے بعد کماد کو مل میں جلد از جلد بھیجیں۔

آم

جہاں زمین خشک ہو وہاں ہلکی آبپاشی کریں تاکہ پودے سردی سے محفوظ رہ سکیں۔ باغ میں چھوٹے پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔ اس سلسلے میں چھوٹے پودوں کو ڈھانپ دیں۔ جن علاقوں میں میلی بگ کا خطرہ ہو وہاں پودے کے تنے کے گرد سلپری (پھسلنے والے) بینڈ لگائیں۔ مزید براں میلی بگ کے حملے کی صورت میں بینڈ کے نیچے مناسب زہروں سے اس کا تدارک کریں۔ آم کے مج کے حملے کی ابتدا ہو چکی ہے اس کی مانیٹرنگ کریں اور حملے کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں پودے پر مناسب زہروں کا سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرینچ بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔